## 9320 ـ قرآن مجید چومنے کا حکم

**سوال**

کسی اونچی جگہ سے قرآن مجید کے گرنے کے بعد اسے چومنے کا حکم کیا ہے ؟

**پسندیدہ جواب**

الحمد للہ.

مصحف چومنے کی مشروعیت میں کسی دلیل کا ہمیں توعلم نہیں ، لیکن انسان اگراسے چوم لے تو اس میں کوئ حرج نہیں ، اس لیے کہ عکرمہ بن ابی جہل رضی اللہ تعالی عنہ سے روایت بیان کی جاتی ہے کہ وہ مصحف کوچوم کر کہتے یہ میرے رب کی کلام ہے ۔

بہرحال اس میں حرج والی بات تو کوئ معلوم نہیں ہوتی لیکن اسے مشروع نہیں کہا جاسکتا ، اور نہ ہی اس کی مشروعیت پر کوئ دلیل ہی ملتی ہے ، لیکن اگر اسے ھاتھ یا کسی اونچی جگہ سےگرنے کے بعد بطور تعظیم اور احترام چوم بھی لیا جائے تو ان شاء اللہ حرج والی کوئ بات نہیں ۔ .